# سوال

حدیث کا حوالہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مجھے درج ذیل حدیث کا مکمل حوالہ چاہیے ۔ ؟ معاویہ بن حکم رضی ا  عنہ فرماتے ہیں کہ میری لونڈی تھی جو احد اور جوانیہ میں ہماری بکریاں چرایا کرتی تھی ایک دن معلوم کرنے کےلیے دیکھتا ہوں کہ بھیڑیا ایک بکری کو اٹھالے گیا، انسان ہونے کے ناطے دوسرے لوگوں کی طرح مجھے غصہ آیا اور میں نے لونڈی کو ایک تھپڑ رسید کردیا، پھر میں رسول ا  صلی ا  علیہ وسلم کے پاس آیا، جب میں نے آپ کو بتایا ت و آپ نے اسے غلط قرار دیا، میں نے عرض کیا اے ا  کے رسول صلی ا  علیہ وسلم کیا میں اسے آزاد نہ کردوں ؟ آپ صلی ا  علیہ وسلم نے لونڈی سے پوچھا ا  کہاں ہے ؟ لونڈی نے کہا؛ آسمان پر، پھر آپ نے پوچھا، میں کون ہوں ؟ اس نے کہا آپ ا  کے رسول  صلی ا  علیہ وسلم  ہیں، آپ صلی ا  علیہ وسلم نے فرمایا اسے آزاد کردو یہ مومنہ ہے ۔  صیح مسلم، ابوداوٗد

# جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ حدیث مسلم میں 5-كِتَاب الْمَسَاجِدِ وَمَوَاضِعِ الصَّلَاةَ، 7-بَابُ تَحْرِيمِ الْكَلَامِ فِي الصَّلَاةِ، وَنَسْخِ مَا كَانَ مِنْ إِبَاحَتِهِ، کے تحت (33-(537)) اور أبو داوٗد میں کتاب الصلاة، باب تشمیت العاطس فی الصلاة (930) کے تحت موجود ہے ۔ ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی